مکمل نہیں ہوتی۔ یہ بچہ سست اور اپنے ماحول سے بے گانہ ہوتا ہے۔ اس قسم کے اکثر بچے شیر خواری ہی میں مرجاتے ہیں اور بڑے ہو جائیں تو پاگل ہو جاتے ہیں۔ بعض چلنے پھرنے اور کھانے پینے کے بھی قابل نہیں ہوتے۔ اس لیے ان کا علاج بھی رائیگاں جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ماحول کے برے اثرات حساس بچوں کو دماغی امراض کی طرف لے جاتے ہیں۔ حد سے زیادہ سختی، نگرانی اور بھائی بہنوں کے درمیان عدم مساوات سے بچے میں جذباتی کشمکش پیدا ہوتی ہے۔ اگر اس مرحلہ پر بچے کا علاج نہ کیا جائے تو وہ مختلف دماغی امراض کا شکار ہو سکتا ہے۔ گھریلو پریشانیاں مالی بحران، کاروباری صدمات، جنسی ناکامیاں، بے روزگاری، کسی محبوب شخصیت کی موت کسی بھی جذباتی شخص کو دماغی بیماریوں کا شکار کر سکتی ہے۔ دماغی شریانوں کی خرابی، پرانے بخار، زہر باد، منشیات، سر کی چوٹیں، دل اور گردے کی بیماریاں، خون میں یورک ایسڈ کی کثرت، غدہ درقیہ کی خرابی، خون کی کمی اور جسمانی کمزوری بھی دماغی امراض کا پیش خیمہ ثابت ہوتی ہے۔ دماغی امراض میں مراق (Mania) اور جنون (Schizopherenia) نمایاں ہیں۔ اول الذکر میں انسان ایک ہی خیال یا شے کی طرف توجہ مرکوز کیے رکھتا ہے اور اسے اردگرد کی بالکل پروا نہیں ہوتی جب کہ موخر الذکر میں انسان اپنے تصورات ہی میں یوں مگن ہوتا ہے کہ وہ انہیں بھی حقیقت سمجھنے لگتا ہے اور اس کی شخصیت دو حصوں میں بٹ جاتی ہے۔ دونوں بیماریوں میں مریض پریشان اور ادارس رہتے ہیں۔ نیز انہیں عجیب وغریب آوازیں اور شکلیں تنگ کرتی ہیں جو کہ سراسر خیالی ہوتی ہیں۔

پتھروں سے علاج

زمرد، حجر القمر اور لاجورد استعمال کریں۔ شدید بیماری کی صورت میں سرخ مرجان کا استعمال مفید رہتا ہے۔

اسقاط حمل (Miscarriage)

بعض جوڑوں کے خلیوں میں تخلیقی خرابیاں ہوتی ہیں اور ان کا حمل ٹھیک طرح سے قرار نہیں ہوتا اور اگر قرار پا بھی جائے تو بچے جسمانی یا ذہنی طور پر معذور پیدا ہوتے ہیں۔ مزید برآں حمل کے دوران سوزش، بخار، ملیریا یا مخصوص وائرس سے ہونے والی سوزش اسقاط کا باعث ہو سکتی ہے۔ کونین اور سیسہ کے مرکبات جنین کے اخراج یا موت کی وجہ بن سکتے ہیں۔ بازاری قلعی اور سرمہ میں سیسہ کی آمیزش ہوتی ہے اس لیے کشتہ قلعہ کھانے والی عورت کا اسقاط ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ نیند آور ادویہ، منشیات، تمباکو بالخصوص قوام والا، آتشک، زیابطیس، بلڈ پریشر، غذا کی کمی بالخصوص وٹامن ای اور لحمیات کی کمی، کسی بیضہ دانی کی سوزش اور بے قاعدگیاں، غدودوں بالخصوص غدہ درقیہ کی بیماریاں، ذہنی اور جسمانی صدمات اس کی دیگر اہم وجوہات ہیں۔ ابتدائی علامات میں درد، جریان خون، متلی، قے، کمزوری اور غشی کے دورے پڑ سکتے ہیں۔ نبض تیز، آنکھوں کے گرد اندھیرا اور پیٹ درد اہم علامات ہیں۔ پیٹ درد تیز لہروں کی صورت میں ہو تو اسقاط کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ مریضہ کو فوراً بستر پر لٹا دیا جائے۔ اس کے بعد درد ختم کرنے کی دوا دی جا سکتی ہے اور علامات کی رو سے علاج کیا جا سکتا ہے۔ الٹراساؤنڈ بھی مفید ثابت ہوتا ہے کیونکہ اس سے پتہ چل جاتا ہے کہ اسقاط مکمل بھی ہوا یا نہیں۔ ورنہ کوئی جھلی وغیرہ رحم میں رہ کر تکلیف کا باعث ہو سکتی ہے۔

پتھروں سے علاج

تکلیف کے دوران سرخ مرجان اور زمرد استعمال کریں۔

تحفظ سحر و جادو

جادو و سحر وغیرہ جیسے معاملات میں تحفظ و حفاظت کے لیے اونکیس کا استعمال مفید و موثر پایا گیا ہے۔ صرف اصل کالے رنگ کا اونکیس تو فائدہ دے گا۔ نقل یا پلاسٹک کا پتھر مفید نہیں ہوتا۔ جادو چاہے کالا ہو یا سرخ یا نیلا، پیلا! اس کے تحفظ کے حوالے سے اونکیس اگر اصل مل جائے تو مفید ثابت ہوگا۔ اونکیس

سفر کی بیماری

(Motion Sickness)

یہ بیماری سفر کے دوران ہوتی ہے۔ اس کی عمومی علامات میں سر چکرانا، سر درد، متلی اور قے شامل ہیں۔ ستارہ زحل فضا پر حکمرانی کرتا ہے۔ چنانچہ نقل و حمل کے تمام ذرائع اس سے متاثر ہوتے ہیں یہی ستارہ ٹریفک کے تمام حادثات کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ درمیانی انگلی میں سٹیل کی انگوٹھی یا لوہے

کی انگوٹھی مفید و موثر ثابت ہوگی۔

پتھروں سے علاج

نیلم 5 رتی تیسری انگلی میں پہنیں۔

کن پیڑے (Mumps)

سکول جانے والی عمر کے بچوں میں کن پیڑے ایک عام بیماری ہے۔ یہ ایک سے دوسرے مریض کو سانس اور تھوک کے ذریعہ ہوسکتی ہے۔ مریض کے پاس جانے کے تقریباً 18 روز بعد بچے کو بخار، کمزوری، متلی اور گلے میں درد شروع ہو جاتا ہے۔ پھر کان کے سامنے اور پیچھے والے غدوم متورم ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات ٹھوڑی کے نیچے کے غدود میں بھی ورم آ جاتا ہے۔ خوراک نگلنا مشکل ہو جاتا ہے۔ تقریباً پچیس فیصد بچوں میں بیماری کے اثرات فوطوں پر ظاہر ہوتے ہیں اور وہاں درد کے ساتھ ورم ہو جاتا ہے۔ اس کیفیت کے بعد بچے میں اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے۔ بچوں کو ابتداء ہی میں جن بیماریوں سے بچاؤ کے ٹیکے لگوانے چاہئیں، ان میں کن پیڑوں کا ٹیکہ بھی شامل کیا جا سکتا ہے۔ طب جدید میں اس بیماری کا کوئی خاص علاج دریافت نہیں ہوا ہے۔ اس مرض میں آرام زیادہ ضروری ہے۔ عام جسمانی طاقت کا خیال رکھنا چاہیے۔ شہد، ماء الشعیر اور چاولوں کا پانی عمدہ غذائیں ہیں اور چوزے کا شوربہ بھی دیا جا سکتا ہے۔

پتھروں سے علاج

سفید یا سرخ مرجان استعمال کریں۔

قریب نظری (My opia)

اس مرض میں قریب کی اشیاء پر تو آنکھ صحیح جمتی ہے لیکن دور کی اشیاء کو دیکھتے ہوئے نظر دھندلا جاتی ہے۔ قریب نظری کی شدت کے کئی درجات ہیں۔ اس کی وجوہات کا ابھی تک پتہ نہیں چلایا جا سکا تاہم کئی افراد میں یہ موروثی طور پر بھی پائی جاتی ہے۔

مضرات چشم

گرد و غبار، دھواں، گرم سرد ہوا، زیادہ نمک، چمکدار اشیاء، غم، فکر، غصہ، منشیات، برفانی علاقہ، چت لیٹنا، بے خوابی، خوراک میں باقلہ، لہسن، پیاز، کرم کلہ، مسور، رائی، اجوائن، کاہو، افیون، سرکہ، کدو، شفتالو وغیرہ۔

اشیاء مفید چشم

صاف پانی میں پیرا کی، آنکھوں کو صاف رکھنا جب کہ کھانے میں شلغم، عرق، سونف، بادام، ملٹھی، مصری، مربلہ ہلیلہ اور آملہ مفید ہیں۔ جتنی چیزیں معدہ کو نقصان دیتی ہیں، وہی آنکھ کو بھی تکلیف دیتی ہیں تاہم شلغم اس اصول سے مستثنیٰ ہے اور آنکھوں کے لیے از حد مفید ہے۔

پتھروں سے علاج

سرخ مرجان اور سفید مروارید (موتی) استعمال کریں۔

اعصابی درد (Neuralgia)

دانت کا درد اور سر درد اعصابی درد کی اقسام میں سے ہیں۔ اسی طرح آدھا سیسی درد اور لنگڑی کا درد بھی اعصابی درد کی مثالیں ہیں۔ یہ مرض اکثر متعدی اور کمزور کرنے والے امراض کے ہمراہ آتا ہے جن میں خون کی کمی، ذیابطیس، گنٹھیا، وجع المفاصل، ملیریا اور آتشک قابل ذکر ہیں چنانچہ متعلقہ مرض کا خاطر خواہ علاج اس درد کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اعصابی دردوں کی متعدد اقسام کا تعلق جسمانی خرابیوں کی بجائے ذہنی امراض سے زیادہ ہوتا ہے۔

پتھروں سے علاج

سرخ مرجان اور زمرد استعمال کریں۔

اعصاب کی سوزش (Neuritis)

اس مرض میں اعصاب کے متعلقہ جسمانی حصوں میں کمزوری اور درد محسوس ہوتا ہے۔ بعض اوقات متعلقہ حصہ میں حس کی کمی محسوس ہوتی ہے۔ بعض اوقات عمل معکوس میں دقت محسوس ہوتی ہے نیز فالج اور پٹھوں کا ضیاع بھی ہوسکتا ہے۔ یہ ذیابطیس وجع المفاصل، بیری بیری، ملیریا، کوڑھ اور خناق کے بعد ظہور پذیر ہوسکتی ہے۔

پتھروں سے علاج

سرخ مرجان اور زمرد استعمال کریں۔ شدید بیماری کی صورت میں حجر القمر اضافی طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

جاری ہے۔۔۔

☆☆☆

علم نجوم کی روشنی میں

آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

عبدالحئی راٹھور

حمل

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 مارچ

وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں جاری کواکبی صورت حال کے تحت کہا جا سکتا ہے کہ آپ کو اس مقصد میں کامیابی نہ مل سکے گی۔ آپ نوکری کے علاوہ کسی اور ذرائع سے آمدن حاصل کر کے گھریلو حالات بہتر رکھنے میں کامیاب رہیں گے۔ اپنے غیر ضروری اخراجات میں بھی کمی لائیں۔ اپنے دشمنوں سے خائف تھے یا دبے ہوئے تو اس ہفتے میں اللہ کی مدد سے اپنے دشمنوں کو مناسب جواب دینے کی پوزیشن میں ہوں گے اور ان پر غالب رہیں گے۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ التواء کا شکار ہے تو اس کے حل کی کوئی صورت حال سامنے نہیں آئے گی اور معاملات اُلجھے رہیں گے۔ خط و کتابت اور نیٹ کا استعمال رواں دنوں میں کم رہے گا۔

9 تا 16 مارچ

رواں عرصے میں آپ اپنی عمر سے بڑھ کر باتیں کریں گے۔ لیکن یہ کام کرنا آپ کے لیے بہتر ثابت نہ ہوگا۔ ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ شادی، نکاح اور منگنی کے لیے یہ وقت بہتر نہیں ہے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت سخت رہے گا۔ آپ کو چاہیے کہ کاروبار میں پیسہ سوچ سمجھ کر اور منصوبہ بندی کے مطابق لگائیں۔ گھریلو معاملات کو لے کر پریشانی ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ آپ کا اپنے بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ ان کے ساتھ اگر سیر و تفریح وغیرہ کا پلان تھا تو وہ عملی شکل اختیار نہ کر سکے گا۔ انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ کی اُمید ہے۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ رواں عرصے میں ممکن ہے۔

17 تا 24 مارچ

رواں دنوں میں آپ ذہنی پریشانی کا شکار رہیں گے۔ اکثر اوقات غصے اور لڑائی کی حالت میں

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:.....

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَۃِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِہٖ وَ وَبَالِہٖ وَ سُوْءِ نَظْرِہٖ بِحَقِّ یَا اللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔

عددی جدول

ا، ی، ق، غ	۱
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	۲
ج، چ، ل، ش	۳
د، ڈ، م، ت، ٹ	۴
ھ، ن، ث	۵
و، س، خ	۶
ز، ژ، ع، ذ	۷
ح، ف، ض	۸
ط، ص، ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر	
	۱	۲	۲	۲	=۷

رہیں گے۔ بڑے، بہن بھائیوں اور یار دوستوں کے ساتھ ملنا جلنا ہوگا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام حاصل نہ کر پائیں گے۔ رواں دنوں میں خواہشات اور اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے کی جانے والی کوششوں کے بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ شریک کار کی طرف سے مالی بہتری کے لیے کوئی مدد نہ ملے گی۔ رواں عرصہ میں شریک حیات کے ساتھ اندرون ملک سفر ممکن ہے۔ یہ سفر ملازمت کے سلسلے میں بھی ہوسکتا ہے۔ اولاد کو آپ کی جس توجہ کی ضرورت ہے آپ کی طرف سے ذمہ داری پورے طور پر ادا نہ کی جائے گی۔

25 تا 31 مارچ

کسی سے رقم یا اشیاء واپس لینی ہے تو نرم رویہ اختیار کریں آپ کو کامیابی ملے گی۔ خواہشات اور تمناء کی تکمیل نہ ہو سکے گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو چھوٹا انعام نکلنے اور حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ لالچ کے نتیجہ میں کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ قانونی معاملات احسن طریقے سے حل ہو جائیں گے۔ اعلیٰ حکام سے وابستہ کام کے حل کے لیے آپ کو سخت محنت کرنا ہوگی۔ شریک حیات کے ساتھ معاملات میں خرابی آئے گی۔ مذہبی کاموں کی طرف رجحان بڑھے گا۔ طالب علم بھی پڑھائی کی طرف خاصی توجہ دیں گے۔ غیر ضروری اخراجات میں کمی آئے گی۔ بینکوں سے قرضہ لے رکھا ہے تو آپ کو رقم کی واپسی کے لیے تنگ کریں گے۔

سعد تاریخیں	9-14-23-27
نحس تاریخیں	4-11-12
لکی نمبر	5-6-7

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 مارچ

مال کے لین دین کے معاملات میں خاص طور پر محتاط رہیں۔ قانونی معاملات کسی بھی سمجھدار وکیل کے مشورے کے بغیر مت طے کریں۔ پیشہ وارانہ اُمور میں کسی قدر کامیابی کی توقع ہے۔ تاہم یہ صرف محنت اور مسلسل محنت کے باعث ہی ممکن ہے۔ اس عرصے کے دوران اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ ممکن ہے کہ یہ اخراجات اولاد اور شریک حیات پر ہوں۔ انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہوگا۔ آپ کو چاہیے کہ ہر مسئلہ کو اس کے حساب سے حل کرنے کی کوشش کریں، تاکہ آپ کا کام بھی ہو جائے اور لوگوں کے ساتھ تعلقات بھی اپنی جگہ پر قائم رہیں۔ آپ کے ازدواجی معاملات تناؤ کا شکار رہیں گے اور ممکن ہے کہ اس کا بُرا اثر اولاد پر پڑے۔

9 تا 16 مارچ

بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ مکان یا گاڑی وغیرہ خریدنا چاہتے ہیں تو یہ آپ کو اُمید کے مطابق ملتی نظر آ رہی ہے۔ رشتے داروں سے ملنا جلنا رہے گا۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں پریشانی کا سامنا رہے گا۔ ممکن ہے کہ آپ کو نوکری میں تنزلی کا سامنا کرنا پڑے۔ شادی بیاہ اور منگنی کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ رواں عرصے میں قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل نہ ہوسکیں گے۔ گھریلو حالات خوشگوار رہیں گے۔ ساس کے ساتھ بہتر تعلقات استوار ہوں گے۔ آپ کو چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ اپنی اشیاء کی حفاظت کریں، چوری ہونے کا خدشہ ہے۔

17 تا 24 مارچ

رواں دنوں میں گھر یا سواری کی فروخت کرتے ہیں تو آپ کو اُمید کے مطابق قیمت نہ مل سکے گی۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ دن فائدہ لے کر آ رہے ہیں، لیکن شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو پریشانی کا سامنا ہوگا۔ جوئے وغیرہ کے ذریعے دولت کا حصول ممکن ہوگا۔ کسی کو اپنی عقل کے ذریعے دھوکہ دے کر فائدہ حاصل کرلیں گے۔ گھریلو معاملات خراب رہیں گے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری نہ آسکے گی۔ آپ کی یہ خواہش کہ آپ کی عزت و شہرت میں اضافہ ہو، پوری ہو جائے گی۔ اخراجات آمدنی سے زیادہ ہوں گے۔ قانونی معاملات آپ کے حق میں حل نہ ہوسکیں گے۔

25 تا 31 مارچ

وہ افراد جو ملازمت تلاش کر رہے ہیں ان کو کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔ اشیاء کی خریداری کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ چند ایک خواہشات کی تکمیل ہونے کے امکانات ہیں۔ سفر کرنے کے لیے اچھا وقت ہے۔ پڑھائی اور عمرہ کے لیے بیرون ملک سفر کے لیے اپلائی کرتے ہیں تو کامیابی ملے گی۔ معاملات عشق و محبت کی طرف رجحان رہے گا۔ کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے تنگی کا سامنا رہے گا۔ چھوٹی موٹی بیماری کا شکار ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ دشمن آپ پر حاوی رہیں گے۔ اور آپ ان کی سازشوں کا شکار ہوں گے۔ بانڈ، ریس سے مالی فائدہ ہوگا۔ شریک حیات سے چھوٹی چھوٹی باتوں پر تلخ کلامی ہوگی۔ وراثتی معاملات حل طلب ہیں تو اس کا فیصلہ آپ کی خواہش کے مطابق ہونے کی توقع ہے۔ ذہنی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	2-20-25-29
نحس تاریخیں	5-6-14
لکی نمبر	8-9-3

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 مارچ

شریک حیات کے ساتھ پیار و محبت بڑھے گا۔ علاوہ ازیں شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ نئے شادی شدہ جوڑوں کو ایک دوسرے کو سمجھنے کے لیے یہ وقت مناسب ہے۔ خاندان اور عمر میں بڑے لوگوں کی اُمیدوں پر آپ پورا نہ اُتر سکیں گے۔ صحت کے حوالے سے لاپرواہی برتیں گے، جس کی وجہ سے آپ بیماری کا شکار ہو جائیں گے۔ اپنے اور اولاد کے کپڑوں کی خریداری کرتے نظر آ رہے ہیں۔ زمین و جائیداد اور دوسری قیمتی اشیاء کی خرید و فروخت کے حوالے سے یہ وقت مناسب نہیں ہے۔ دماغی بے چینی اور خوف کا شکار ہیں تو وہ دور ہو جائے گا۔ اس وقت ملازمین پر ضرورت سے زیادہ اعتبار صحیح نہیں ہے۔

9 تا 16 مارچ

انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ آپ کے قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ علاوہ ازیں اس سلسلے میں آپ کے اخراجات بھی ہوں گے، لیکن کوئی کام نہ بن سکے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو اس عرصہ میں کریں، سفر کے حوالے سے بہتر وقت ہے۔ بہن بھائیوں، رشتے داروں اور پرانے دوستوں سے ملنا جلنا رہے گا۔ صحت کے حوالے سے آپ کو اچانک پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا رجحان کھانے پینے کی طرف زیادہ رہے گا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ خوشگوار رہے گا۔ آپ کی اکثر خواہشات پوری ہوتی نظر نہیں آ رہی ہیں۔ آپ کے تعلقات اپنی بہو کے ساتھ خوشگوار رہیں گے۔ آپ کے غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ ملتا نظر نہیں آ رہا۔

17 تا 24 مارچ

اس عرصہ میں آپ کے تعلقات اپنے دوستوں کے ساتھ بگڑ جائیں گے۔ اولاد کی طرف آپ اپنی خاص توجہ رکھیں اور یہ اپنے مسائل کو بیان کریں گے۔ ساتھ کام کرنے والے آپ کے خلاف مختلف حرکتیں کرتے رہیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم پر رہے گی لیکن اگر آپ کو تعلیم کے حوالے سے بہن بھائیوں سے مدد درکار ہے تو وہ نہ مل سکے گی۔ وہ افراد جو بیرون ملک سفر کے لیے کوشاں ہیں ان کو چاہیے کہ اپنی کوششوں کو جاری رکھیں۔ رواں دنوں میں بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ صحت میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ کھانے پینے کے معاملات میں احتیاط کریں۔

25 تا 31 مارچ

بہو کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ بیرون ملک تجارت کے حوالے سے نقصان دہ وقت ثابت ہوگا۔ عزت و شہرت میں اضافہ ہوگا۔ وہ لوگ جن کی ترقی رُکی ہوئی ہے۔ اس عرصے میں کوشش کریں بہتری کے امکانات ہیں۔ خفیہ دشمن آپ کی خواہشات کی تکمیل کی راہ میں رکاوٹ بنیں گے۔ دوسروں کو اپنی گفتگو سے متاثر کریں گے۔ مکان اور سواری کی لین دین کے دوران دستاویزات کی اچھی طرح جانچ پڑتال کر کے دستخط کریں۔ شراکتی کاروبار میں شریک کار کی وجہ سے فائدہ ہوگا۔ شریک حیات کا مزاج بہتر رہے گا۔ شریک حیات کی پوری کوشش ہوگی کہ ساس کے ساتھ بنا کر رکھے۔ جنسی قوت اور جنسی خواہشات میں اضافہ ہوگا۔ اولاد سے وابستہ توقعات پوری نہ ہو سکیں گی۔

سعد تاریخیں	4-14-23-27
نحس تاریخیں	9-16
لکی نمبر	5-0-6

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

لال کتاب

لال کتاب کا یہ ترمیم شدہ ایڈیشن 1942ء میں شائع ہوا تھا۔ یہ کتاب ایک نایاب اور نہ دستیاب کتب میں شامل ہوتی ہے۔ جن کے پاس ہے بھی اُن کے پاس بھی کتاب کے مکمل صفحات نہیں ہیں۔ ادارے نے زر کثیر صرف کر کے اس کتاب کے تمام گمشدہ اوراق حاصل کر لیے ہیں۔ اب یہ مکمل حالت میں علوم مخفی کے ماہرین کے لیے دستیاب ہے۔ یہ کتاب پنڈت شرما گردھاری لال کی تحریر کردہ ہے۔ جو کہ خاندانی پنڈت اور نجومی تھے۔ علم نجوم اور علم سامدرک کے موضع پر یہ ایک ایسی کتاب ہے جس کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اس کتاب کے ذریعے ہاتھ کی لکیروں سے بھی جنم کنڈلی بنائی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ کسی بھی فرد کے حالات و واقعات زندگی معلوم کیے جا سکتے ہیں۔ ایک نادر اور نایاب قدیم کتاب۔ حوالہ نمبر: 2 قیمت: 1100

یکم تا 8مارچ

نوکری کی تلاش میں ہیں تو کوشش جاری رکھیں، مزید یہ کہ اس جگہ پر بھی ملازمت کے لیے ضرور کوشش کریں، جہاں خاندان کا کوئی فرد پہلے بھی نوکری کر رہا ہو۔ آپ کی یہ محنت اپنا ثمر ضرور دے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام کچھ لیے دیئے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔ ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ خفیہ دشمن اور مخالف آپ کے خلاف سازشیں کرتے رہیں گے۔ شادی بیاہ اور دعوتوں میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ آپ اپنے اُستاد اور پیر سے ملاقات کریں اور اپنے مسائل ان کو بیان کریں، بہتر مشورہ ملے گا۔ تجارت یا رہائش کے لیے اندرون ملک سفر کرنا حسب خواہش نتائج نہ لائے گا۔

9تا 16مارچ

انعامی سکیمیں لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کے مالی حالات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ رواں عرصے میں ممکن نہیں ہے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری کی لہر پیدا ہوگی۔ اگر کام کی طرف بھرپور توجہ دیں تو فائدہ بھی ہوگا۔ نکاح اور شادی وغیرہ کرنے کے لیے یہ وقت نحس ہے۔ بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ ان سے وابستہ کام بھی حل نہ ہو سکیں گے۔

17تا24مارچ

آپ کی آسان ذرائع سے پیسہ کمانے کی خواہش آپ کے ہاتھ میں موجود رقم بھی ضائع کروائے گی۔ وہ افراد جو قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں ان کو رواں دنوں میں قرضہ مل جائے گا۔ تعلیمی حوالے سے بہن بھائیوں یا یار دوستوں کی مدد درکار ہے تو وہ آپ کی مدد ضرور کریں گے۔ سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے۔ لیکن ایسی مشکلات آپ کے سامنے آ جائیں گی کہ آپ جا نہ سکیں گے۔ رواں دنوں میں آپ گھر والوں کے ساتھ وقت گزارنا زیادہ پسند کریں گے۔ ساس کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا اور اسی وجہ سے آپ کے اکثر کام حل نہ ہو سکیں گے۔ صحت بہتر رہے گی اور کھانے پینے کی طرف دھیان رہے گا۔

25تا31مارچ

وہ لوگ جو اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کے لیے اچھا وقت ہے۔ پڑھائی کی طرف خاص توجہ دیں گے اور خاصی محنت کریں گے جس کی بدولت بہتر نتائج کی توقع ہے۔ رواں دنوں میں کسی بھی شخص کو ادھار نہ دیں، واپس لینا مشکل ہو جائے گا۔ بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب کے ساتھ تعلقات خراب ہو سکتے ہیں۔ یہ عرصہ گھریلو ماحول میں بے چینی اور ناخوشگواری کی نشاندہی کر رہا ہے۔ کاروباری حوالے سے پریشان رہیں گے۔ قانونی معاملات کے حل کی کوشش کریں، بہتر طریقے سے حل ہو جائیں گے۔ مال رفاہی کاموں میں خرچ کریں گے۔ ویزے کے لیے اپلائی کرتے ہیں تو کامیابی ملے گی۔ مخالفین اور حکومتی افسران آپ کے اکثر کاموں میں رکاوٹ ڈالیں گے۔ گمشدہ چیز واپس ملنے کے امکانات ہیں۔ ساس کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ یار دوستوں سے وابستہ کام اور توقعات پوری نہ ہوں گی۔

سعد تاریخیں	2-20-25-29
نحس تاریخیں	4-11-12-18-19
لکی نمبر	7-81

اسد

عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8مارچ

معاشرے کے معززین آپ کی بات کو اچھے طریقے سے سمجھ کر آپ کی مدد کریں گے۔ سسرالی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ شریک کار اور شریک حیات آپ کی خواہشات اور کاموں کو پورا کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ بڑے، بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں تلخی رہے گی اور اس میں آپ کے انداز گفتگو کا ہاتھ بھی ہوگا۔ ڈرائیونگ کے دوران احتیاط کا مظاہرہ کرنا ہوگا، ورنہ دوسری صورت حادثہ ہے۔ مالی معاملات میں تنگی رہے گی۔ اولاد کی طرف توجہ رہے گی، اور ان کی بہتر پرورش کے لیے کوشاں رہیں گے۔

9تا 16مارچ

ملازمت کی تلاش میں ہیں تو رواں ہفتہ میں نوکری ملتی نظر نہیں آ رہی، نیز آپ اس سلسلے میں اندرون ملک سفر بھی کریں گے، لیکن کوئی کام نہ بن پائے گا۔ دماغی پریشانی ہے تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ اس ہفتہ میں تعمیراتی کام کرنا سعد رہے گا۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو اُمیدوں کے مطابق فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ آپ کی توجہ پڑھنے لکھنے کی طرف زیادہ رہے گی۔ علاوہ ازیں اس سلسلے میں اُستاد اور پیر سے ملاقات بھی کریں گے۔ صحت کے معاملات پر خاص طور سے توجہ دیں۔ والد کی طرف سے سختی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

17تا24مارچ

رواں دنوں میں آپ اپنی ذات پر خاص توجہ دیں گے۔ علاوہ ازیں ذہنی پریشانی کا سامنا بھی رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر

رہیں گے۔ ان کے ساتھ سیر وتفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ شریک کار کی طرف سے مالی مدد ملتی نظر بھی آ رہی ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ توقعات اور کام حل نہ ہوسکیں گے۔ طالب علموں کو چاہیے کہ دوسرے کاموں کے ساتھ ساتھ تعلیم کی طرف بھی توجہ دیں۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ سیر وتفریح اور شادی بیاہ کے سلسلے میں اندرون ملک سفر ممکن ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کے اپنے ساتھ کام کرنے والے لوگوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے، اور ان سے وابستہ کام بھی حل ہو جائیں گے۔

25 تا 31 مارچ

کھیل کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ پھنسا ہوا قرض واپس مل جائے گا۔ وہ لوگ جن کا اپنے عاشق و معشوق کے ساتھ جھگڑا تھا رواں دنوں میں منانے کی کوشش کریں۔ آپسی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ انعامی سکیمیں کھیلنے والے افراد رواں دنوں میں اچھا انعام حاصل کرنے میں کامیاب ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ بیرون ملک مقیم رشتے داروں سے اگر کوئی توقعات وابستہ کر رکھی ہیں تو وہ رواں دنوں میں بھی پوری ہوتی نظر آتی ہیں۔ طالب علموں کے لیے اچھا وقت ثابت ہوگا۔ ان کی کارکردگی میں بہتری آئے گی، اور انہیں ان کی کارکردگی کا بہتر انعام بھی ملے گا۔ کاروباری افراد کے لیے مشکل وقت ثابت ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ ملازمین پر اعتبار نہ کریں۔ یہ بے ایمانی اور آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش میں رہیں گے۔ مال رفاعی کاموں میں خرچ کریں گے۔

سعد تاریخیں	9-18-19-23-27
نحس تاریخیں	5-6-14
لکی نمبر	2-3-9

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8 مارچ

رواں عرصہ میں آپ کو گھریلو سکون میسر رہے گا۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ ان دنوں میں اپنی کوشش کو جاری رکھیں بلکہ یوں کہوں گا کہ کوششوں کو تیز کر دیں، کیونکہ آپ کو اس عرصہ میں خوبصورت، مہذب اور مالی لحاظ سے بہتر شریک حیات ملنے کی توقع ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل ہوتے نظر نہیں آ رہے، نہ ہی کام کے حل کرانے میں آپ کوئی دلچسپی کا مظاہر کر رہے ہیں۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ رواں دنوں میں ہوتا ہے تو وہ آپ کی خواہش کے مطابق نہ ہوگا۔ کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ نئی سواری خریدنا چاہتے ہیں تو مناسب قیمتوں پر بہتر چیز مل جائے گی۔

9 تا 16 مارچ

وراثتی اُمور کا فیصلہ چاہتے ہیں تو وہ ممکن ہے۔ صحت کے حوالے سے آپ کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ پوری طرح تعلیم پر نہ ہوگی۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں خرچ کرتے نظر نہیں آ رہے۔ آپ کی چند ایک خواہشات عملی شکل اختیار کرتی نظر آ رہی ہیں۔ یار دوستوں سے ملنا جلنا رہے گا۔ نئے دوست بھی بنائیں گے اور پرانوں سے بھی ملاقات ہوگی۔ انعامی سکیمیں، میچ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ اپنے داماد کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ آپ کی توجہ عورتوں سے وابستہ کاموں کی طرف زیادہ رہے گی۔ توجہ اپنے اصلی کام سے ہٹ کر دوسرے کاموں میں زیادہ رہے گی۔

17 تا 24 مارچ

اندرون ملک سفر کرنا اس وقت آپ کے لیے مناسب نہیں ہے، کیونکہ دوران سفر آپ کا سامان کھونے یا حادثہ ہونے کا اندیشہ ہے۔ مالی حالات بہتر رہیں گے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ آپ

پُراعتماد گفتگو

نیلا پکھراج

ہر انسان کے لیے اس کو لاحق تکلیف ہی سب سے زیادہ دردناک ہوتی ہے۔ وہ جن کی زبان فرفر چلتی ہے شاید ان کے لیے یہ بات اہم نہ ہو لیکن جن پر کسی دوسرے سے بات کرنا یا اپنا مطلب بیان کرنا عذاب بن جاتا ہے ان کو اس تکلیف سے نجات کا راستہ ایک صورت میں مل سکتا ہے اور وہ ہے کامیابی اور دولت کے کوکب سے منسوب جواہر ''پکھراج''۔ لیکن صرف وہ پکھراج اس مرض میں مفید رہے گا جو اپنے اندر نیلے رنگ کی شعاعیں لیے ہوئے ہو۔ یعنی نیلا رنگ کھلا کھلا اور دیکھنے میں خوبصورت ہو، بند قسم کا مفید نہ ہے۔ بے رنگ یا دیگر رنگ کا پکھراج اس مقصد کے لیے کام نہ کرے گا۔

کے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ تعلیمی حوالے سے بڑے بہن بھائیوں کی اور دوستوں کی مدد درکار ہے تو وہ ضرورت پر ملتی رہے گی اور اگر تعلیمی حوالے سے کسی مشورے اور راہنمائی کی ضرورت ہے تو ان سے رابطہ کریں، حل مل جائے گا۔ وہ افراد جو مستقل بیماری کا شکار ہیں، ان کو رواں دنوں میں صحت کے حوالے سے خاص طور پر محتاط رہنا ہوگا۔ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو اور مزاج خوشگوار رہے گا۔ قانونی معاملات کا فیصلہ رواں عرصہ میں ہوتا ہے تو وہ پوری طرح آپ کی خواہش کے مطابق نہ ہو گا۔

25 تا 31 مارچ

کاروبار میں بہتری آئے گی۔ کاروبار مزید بڑھے گا وہ افراد جو نیا کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں یا کاروبار میں مزید پیسہ لگانا چاہتے ہیں وہ لوگ اس سلسلے میں ادارے سے ذاتی مشاورت لیں۔ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت سے منسلک لوگوں کے لیے بہترین وقت ثابت ہوگا۔ کچھ خفیہ دشمن آپ کو جسمانی طور پر نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ بیرون ملک سفر کے لیے کی گئی کوششوں کے بہتر نتائج رونما نہ ہوں گے۔ رشتے اور منگنی کے لیے موزوں وقت ہے۔ ملازمین اور اپنے سے کم درجے کے لوگ محتاط رہیں۔ آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گے۔ خواہشات کی تکمیل ممکن ہے۔ بہن بھائیوں اور یار دوستوں کے ساتھ اچھا وقت گزرے گا۔ خریداری کے لیے جانا ہوگا۔

سعد تاریخیں	2-20-25-29
نحس تاریخیں	9-16
لکی نمبر	4-8-0

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر

منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 مارچ

رواں عرصہ میں آپ کو گھریلو سکون میسر رہے گا۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ ان دنوں میں اپنی کوشش کو جاری رکھیں بلکہ یوں کہوں گا کہ کوششوں کو تیز کر دیں، کیونکہ آپ کو اس عرصہ میں خوبصورت، مہذب اور مالی لحاظ سے بہتر شریک حیات ملنے کی توقع ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل ہوتے نظر نہیں آ رہے، نہ ہی کام کے حل کرانے میں آپ کوئی دلچسپی کا مظاہر کر رہے ہیں۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ رواں دنوں میں ہوتا ہے تو وہ آپ کی خواہش کے مطابق نہ ہوگا۔ کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ نئی سواری خریدنا چاہتے ہیں تو مناسب قیمتوں پر بہتر چیز مل جائے گی۔

9 تا 16 مارچ

گھریلو زندگی قدرے پریشان کن رہے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو یہ وقت سعد ثابت نہ ہوگا۔ داماد کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ اشیاء کی خرید و فروخت کے حوالے سے یہ وقت فائدہ مند ثابت ہوگا۔ آپ کی توجہ انعامی سکیمیں کھیلنے کی طرف رہے گی، لیکن آپ کوئی بڑا انعام پکڑ نہ سکیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ آپ حادثے کا شکار ہوتے نظر آ رہے ہیں اور اس سے زیادہ تر چوٹیں آپ کے بازوں پر لگیں گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر آ رہے ہیں لیکن آپ کو ان پر تھوڑے بہت اخراجات کرنے پڑیں گے۔ کاروبار میں بڑے بہن بھائیوں یا یار دوستوں کی مدد درکار ہو تو وہ ہر وقت آپ کا ہاتھ بٹانے کے لیے تیار رہیں گے۔

17 تا 24 مارچ

یہ وقت کچھ ایسا ہے جو ظاہر کر رہا ہے کہ آپ کو کامیابی دوسرے لوگوں کی بجائے ذاتی کاوش کی وجہ سے ملے گی۔ مالی معاملات کو کنٹرول کرنے اور خراب ہوتے گھریلو معاملات کو لے کر آپ پریشان رہیں گے۔ یہ عرصہ رشتے داروں اور ہمسایوں سے بہتر تعلقات کا اظہار کر رہا ہے۔ بچوں کے معاملات میں دلچسپی لیں گے۔ رواں دنوں میں آسان ذرائع سے آمدن حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ گاڑی چلاتے یا سڑک پار کرتے ہوئے دھیان کرنا چاہیے، راہ جاتے لڑائی مول لینے اور جان کو مشکل میں ڈالنے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ وہ افراد جو بیرون ملک سفر کے لیے کوششیں کر رہے ہیں ان کو رواں دنوں میں اسی حوالے سے کوئی نہ کوئی خوشخبری سننے کو ضرور ملے گی۔

25 تا 31 مارچ

وہ افراد جن کو صحت کے حوالے سے پریشانی کا سامنا ہے رواں دنوں میں صحت یاب ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ عشق و محبت کے معاملات میں بگاڑ پیدا ہو سکتا ہے۔ وہ لوگ جو بڑا قرضہ حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں انہیں اس عرصے میں قرضہ ملنا مشکل ہے۔ بڑے بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب کے ساتھ جھگڑا ہو سکتا ہے۔ اچھا اور بہتر مشورہ دینے والے لوگ ملیں گے۔ بچوں کے حوالے سے گھر میں کافی پریشان کن ماحول رہے گا۔ انٹرلیول تک کے طالب علم پڑھائی پر پوری طرح توجہ نہ دے پائیں گے اور ان میں سستی کا عنصر موجود رہے گا۔ وراثتی معاملات کا حل نہ نکلے گا اور اگر نکلا بھی تو آپ کے حق میں نہ ہوگا۔ بیرون ملک لوگوں سے وابستہ اُمیدیں پوری نہ ہوں گی۔ سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	9-14-23-27
نحس تاریخیں	11-12-18-19

لکی نمبر	1-5-7

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 مارچ

آپ کے مالی حالات میں مزید بہتری آئے گی۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ آپ کے اخراجات میں بھی اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں ان کے پاس اچھے رشتے آئیں گے۔ آپ کی طرف سے انکار ہو سکتا ہے۔ مال کی لین دین کے دوران احتیاط کریں۔ ممکن ہے آپ کے ساتھ دھوکا اور سازش کی جائے۔ آپ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے کافی کوشش کریں گے۔ لیکن پھر بھی آپ کو کوئی خاص کامیابی نہ مل پائے گی۔ دوران ڈرائیونگ اور پیدل چلتے وقت احتیاط کریں، حادثہ کا اندیشہ ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ انعام حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔

9 تا 16 مارچ

گھریلو معاملات تناؤ کا شکار رہیں گے۔ علاوہ ازیں آپ کو خاندان کے دوسرے افراد کی وجہ سے پریشانی کا سامنا رہے گا۔ کاروبار کے فیصلے کرتے وقت کسی کے دباؤ کا شکار ہونا نقصان دے رہے گا۔ عبادت و ریاضت کی طرف رجحان ہوگا۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام ہیں تو ان کے حل میں آپ کے ننھیالی رشتے دار آپ کی مدد کریں گے۔ رواں عرصے میں آپ کے مخالف خفیہ سازشیں جاری رہیں گی۔ آپ کو چاہیے کہ اپنے دشمنوں اور مخالفوں کو کمزور نہ سمجھیں۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ انعامی سکیمیں، جوا وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اندرون ملک اور شہر سفر کرتے ہیں تو اپنے سامان کی حفاظت کریں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔

17 تا 24 مارچ

زیادہ کام کی وجہ سے صحت متاثر ہو سکتی ہے لہذا محتاط رہیں اور ضرورت کے مطابق کام کریں۔ اس عرصہ میں آپ کو اپنے ساتھ کام کرنے والے لوگوں اور ملازمین کے ساتھ بہت دھیان سے کام کرنا اور لینا پڑے گا۔ کیونکہ ان کی طرف سے آپ کو تعاون آسانی سے نہ مل سکے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ کام کے دوران لوگوں سے اُلجھنے کی صورت میں آپ کو جسمانی نقصان بھی پہنچ سکتا ہے اور خود بھاری سامان وغیرہ اٹھانے سے گریز کریں، چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ اولاد کی طرف آپ کی زیادہ توجہ رہے گی اور اس وجہ سے یہ اپنے چھوٹے سے چھوٹے مسائل بھی آپ کو بیان کریں گے۔ فضول اخراجات میں کمی آئے گی۔

25 تا 31 مارچ

ملازمین کے ذریعے فائدہ ہوگا۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ بہت سی اُمیدیں اور خواہشات پوری ہوں گی۔ بیرون شہر تجارت کے حوالے سے اچھا وقت ہے۔ عشق و محبت کے معاملات پر توجہ دیں گے۔ گھریلو ذمہ داریوں کو پوری طرح انجام دے پائیں گے۔ کچھ لوگ بھی آپ کے گھریلو معاملات خراب کرنے کی کوشش کریں گے۔ صحت اچھی رہے گی۔ یار دوست مددگار ثابت ہوں گے۔ دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ شریک حیات یا جنس مخالف کی وجہ سے اخراجات ہوں گے۔ جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو بڑا انعام نکلنے کی توقع ہے۔ کھیل کے میدان میں کامیابی ملے گی۔ ملازمت پیشہ افراد نوکری میں درپیش پریشانیوں اور دباؤ سے نجات حاصل کریں گے۔

سعد تاریخیں	2-25-29
نحس تاریخیں	5-6-14
لکی نمبر	6-1-3

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 مارچ

آپ کی توجہ زیادہ تر اپنی ذات پر رہے گی۔ جس کی وجہ سے آپ کے اپنے شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب ہوں گے۔ آپ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے محنت کریں گے، اور اپنی زیادہ تر خواہشات کو پورا کرنے میں کامیاب بھی رہیں گے۔ اولاد کو آپ کی توجہ کی ضرورت ہے جو رواں دنوں میں ملتی نظر نہیں آ رہی۔ آپ کے فضول اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ یہ زیادہ تر اپنی ذات پر یا دوستوں پر ہوں گے۔ صحت بہتر رہے گی اور کھانے پینے کی طرف زیادہ رجحان رہے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔

9 تا 16 مارچ

آپ کو اپنی والدہ یا اُن کے خاندان سے مدد ملنے یا حسب خواہش راہنمائی ملنے کی توقع نہیں ہے۔

وہ افراد جو زراعت یا فنون لطیفہ سے منسلک ہیں، ان کے لیے یہ وقت نحس ثابت ہوگا۔ دوسری شادی کے خواہش مند ہیں یا پہلی کو طلاق دے کر دوسری شادی کرنا چاہتے ہیں ان کو اس عرصے میں رشتہ ملنے کی توقع رکھنی چاہیے۔ رواں دنوں میں دیگر مصروفیات کے ساتھ ساتھ سیر وتفریح کی طرف بھی دھیان رہے گا۔ یہ وقت دوسرے لوگوں کے ساتھ بلاوجہ کی بحث و تکرار لے کر آئے گا۔ کوشش کریں ہر فرد کے ساتھ بحث میں نہ پڑیں۔ مندرجہ بالا عرصے کے دوران اگر آپ حالت سفر میں خصوصاً اپنے شہر سے باہر گھوم پھر رہے ہیں تو حد درجہ محتاط رہیں۔

17 تا 24 مارچ

اجنبی لوگوں سے ملاقاتیں رہیں گی اور اس وجہ سے آپ کافی سکون محسوس کریں گے۔ خواہشات آسانی سے پوری ہوں گی۔ دوستوں اور بڑے، بہن بھائیوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ جس کی وجہ سے بہت سے معاملات چٹکی بجاتے ہی حل ہو جائیں گے۔ اس ہفتہ میں اخراجات بڑھ رہے ہیں اور زیادہ تر آسائشی اور آرائشی ضروریات پر روپیہ خرچ ہوگا۔ کسی دوسرے شہر کا سفر کرنا پڑے گا مگر اس وجہ سے کوئی خواہش پوری ہو جائے گی۔ اپنے ہم رتبہ اور ملنے والوں سے تعلقات بہتر رہیں گے۔ قانونی نوعیت کے مسائل کا فیصلہ رواں دنوں میں ہونا آپ کے لیے پریشانی کا باعث ہوگا۔ خط و کتابت اور کمپیوٹر کی طرف رجحان زیادہ رہے گا۔

25 تا 31 مارچ

کاروباری حوالے سے کوئی بڑی کامیابی مل سکتی ہے۔ کسی کو دیا ہوا قرض واپس مل جائے گا۔ آپ کے بچے آپ کی عادتوں کا تھوڑا بہت اثر لیں گے۔ موسیقی وغیرہ میں دلچسپی لیں گے اور ایسی چیزوں سے لطف اندوز ہوں گے۔ بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات زیادہ اچھے نہ ہوں گے۔ بیرون شہر جاتے وقت صحت کا خاص خیال رکھیں اور کھانا دیکھ کر کھائیں۔ ورنہ بیمار ہو سکتے ہیں۔

والد یا سسر کی وجہ سے مالی فائدہ ملنے کی توقع ہے۔ عزت وشہرت اور اعلیٰ مرتبہ کے حصول کے لیے سخت کوشاں رہیں گے اور اسی حوالے سے کافی حد تک مثبت اثرات دیکھنے کو ملیں گے۔ قیمتی اشیاء کی خرید و فروخت کے لیے موزوں وقت نہیں۔ سیر وتفریح کے لیے جائیں گے۔ افوائیں سننے کو ملیں گی اس لیے سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔

سعد تاریخیں	4-14-18-19-27
نحس تاریخیں	5-6-16
لکی نمبر	5-9-7

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 مارچ

کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ عرصہ بہتری لے کر آ رہا ہے۔ وہ افراد جو کاروبار میں پیسہ لگانا چاہتے ہیں، ان کے لیے بھی یہ وقت بہتر ہے۔ ادویات کا استعمال ڈاکٹر کی رائے کے بغیر نہ کریں، ورنہ آپ کو مزید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کو چاہیے کہ دوسرے کاموں کے علاوہ تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دیں، کیونکہ فی الحال کوئی اور مسئلہ تعلیم سے زیادہ ضروری نہیں۔ موسیقی کی طرف زیادہ رجحان رہے گا۔ اس کے علاوہ آپ عشق ومحبت جیسے کاموں میں بھی زیادہ توجہ دیں گے۔ والد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان سے اپنے مسائل بیان کریں، بہتر مشورہ ملنے کی اُمید ہے۔

9 تا 16 مارچ

رواں عرصے میں خواتین وحضرات کے لیے سفر کے مواقع آئیں گے۔ کاروباری حوالے سے یہ بات ذہن میں رکھیں کہ اگر آپ شراکت پر کام کر رہے ہیں تو ذاتی حوالے سے سفر کی بجائے شریک کار کو سفر پر روانہ کریں۔ کاروباری مفادات کے حوالے سے یہ ایسا وقت ہے جب آپ ذاتی کاوش کی بجائے کسی دوسرے خصوصاً شریک حیات یا شریک کار وغیرہ کے کندھے پر رکھ کر بندوق چلائیں اور مفاد حاصل کریں۔ حکومتی اور صاحب حیثیت لوگوں سے محتاط رہیں۔ اپنے بچوں کی صحت وتندرستی کو لازمی مدِ نظر رکھیں۔ بچوں کے بیمار ہونے وغیرہ کا امکان ہے۔ خاندانی جائیداد اور ایسے دیگر معاملات آپ کے حق میں جاتے نظر آ رہے ہیں۔ اگر اس وقت وراثت یا کسی پرانی پڑی جائیداد یا رقم کی تقسیم کا مسئلہ ہے تو اس کو ٹالیں مت، مطلوبہ نتائج حاصل ہونے کے امکانات کافی ہیں۔

17 تا 24 مارچ



گفتگو اور انداز میں تیزی رہے گی۔ جس کی وجہ سے بہت سارے معاملات طے کرنے میں آسانی ملے گی۔ جن لوگوں کے جائیداد کے تنازعات چل رہے ہیں وہ بھی شدت اختیار کر جائیں گے۔ گرد و نواح کے علاقوں میں سفر کا موقع ملے گا۔ آپ کے تعلقات بہن بھائیوں اور یار دوستوں کے ساتھ ٹھیک نہ رہیں گے۔ ان کی طرف سے بدتمیزی کا مظاہرہ ہونے کا بھی امکان ہے۔ دوران ڈرائیونگ حادثے کا امکان ہے۔ روپیہ پیسہ کے معاملات میں آسانی آنا شروع ہو جائے گی۔ جہاں پہلے صرف اپنے رعب سے معاملات کو حل کر رہے تھے وہاں اب حکمت اور پیار کا سہارا بھی لیں گے۔ لین دین کے معاملات میں لوگوں پر اعتبار مت کریں۔

25 تا 31 مارچ

ذرائع رسل و رسائل کے شعبے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے لیے یہ وقت اچھا ثابت ہوگا۔ زمین و جائیداد کے معاملات بہتر طریقے سے حل کر سکیں گے۔ عقل اور دانائی میں اضافہ ہوگا۔ جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام حاصل نہ کر سکیں گے۔ شریک حیات اور جنس مخالف کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہوں گے۔ گھریلو ماحول اور گھریلو معاملات خوشگوار رہیں گے۔ کرایہ داروں کو اپنے مالک مکان سے وابستہ مطالبات پورے نہ ہوں گے۔ حکام اعلیٰ آپ کے کاموں کے حل میں رکاوٹ کا باعث بنیں گے۔ اخراجات پر کافی حد تک قابو پائیں گے۔ دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ کاروباری افراد اپنے منصوبوں کو مقررہ وقت پر حتمی شکل نہ دے سکیں گے۔

سعد تاریخیں	2-20-29
نحس تاریخیں	4-11-12-18-19
لکی نمبر	6-7-3

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 مارچ

اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بھرپور رہے گی۔ اس سلسلے میں یہ یار دوستوں سے بھی مدد لیں گے۔ رواں دنوں میں آپ کی توجہ علوم مخفی کی طرف زیادہ رہے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں پریشانی کا سامنا رہے گا۔ لیکن اگر وہ محنت زیادہ کریں تو کسی نہ کسی حد تک منافع کمانے میں کامیاب رہیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنے کے حوالے سے یہ وقت مناسب نہیں۔ شریک کار کی دولت سے آپ کو فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ شادی، بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ گھریلو سکون میسر رہے گا۔

9 تا 16 مارچ

ذاتی اور ذہنی دباؤ کا شکار رہیں گے۔ صحت کے حوالے سے اگر کافی دیر سے بیماری کا شکار ہیں تو ممکن ہے کہ آپ کے اوپر سحری اثرات ہوں، اس لیے اپنا روحانی علاج کروائیں۔ (اس سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں)۔ کاروبار میں چاہے شراکت ہو یا ذاتی، محنت اور جدوجہد کریں، فائدہ ہوگا۔ اپنی اولاد کے معاملات پر خصوصی توجہ دیں۔ سخت مزاج یا تشدد کے حامی والدین اپنے رویے کو تبدیل کریں اور اپنے غصے اور پریشانی کو اولاد پر ظاہر نہ کریں، پریشانی کا باعث بنیں گے۔ اپنے حلقہ احباب سے محتاط رہیں وہ آپ کے لیے مالی نقصان کی وجہ بن سکتے ہیں۔ شادی کے خواہش مند خواتین و حضرات کو اس عرصے میں رشتے ملنے کے امکانات ہیں۔ اگر عمر زیادہ ہے تو پھر رشتے میں زیادہ کیڑے نکالنے کی بجائے چھوٹی موٹی کمزوری کے ساتھ گزارہ کریں۔

17 تا 24 مارچ

خاندان والوں اور خصوصاً والدہ کا کردار آپ لوگوں کی زندگی میں اہم رہے گا۔ جو لوگ گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے یہ ہفتہ مناسب رہے گا۔ جو فیصلہ بھی لیں وہ آپ کے حق میں بہتر رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ وہ افراد جنہوں نے بیرون ملک سفر کے لیے اپلائی کیا ہوا ہے انہیں اس حوالے سے کوئی نہ کوئی خوشخبری ضرور سننے کو ملے گی۔ حکومتی افسران سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ خاندانی زمین یا سواری کی فروخت کے لیے یہ وقت مناسب ہے۔ آپ کو حسب خواہش یا بہتر قیمت مل جائے گی۔ سیر و تفریح اور کھیل کود میں زیادہ دلچسپی لیں گے۔ دشمنوں کی وجہ سے رکاوٹوں کا سامنا رہے گا۔

25 تا 31 مارچ

شریک حیات کا مزاج کافی سخت رہے گا اور وہ جلد غصے میں آ جائے گا/گی۔ ساس کے ساتھ بھی تعلقات خراب ہوں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے اچھے تعلقات رہیں گے اور آپ کے لیے مددگار ثابت ہوں گے۔ بیرون ملک یا عمرہ پر جانے کی کوششوں میں رکاوٹیں آئیں گی۔ آپ اپنے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کا بھرپور استعمال کریں گے۔ اور آپ کے کیے گئے فیصلے درست ثابت ہوں گے۔ سواری وغیرہ کی خرید و فروخت کے لیے بہتر وقت نہیں ہے۔ دوست وغیرہ مددگار ثابت ہوں گے۔ قانونی لڑائی جھگڑوں کے سلسلے میں آپ کے اخراجات ہوں گے۔ ملازمین اور اپنے سے کم درجے کے لوگوں سے وابستہ کام باآسانی پوری ہو جائیں گے۔ سامان کی خریداری کرنے کے لیے بازار جانا ہوگا۔

سعد تاریخیں	4-9-18-19-23

نحس تاریخیں	5-6-11-12
لکی نمبر	4-6-7

حوت

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نپچون
منسوبی حروف	چ، د
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 مارچ

وہ افراد جنہوں نے کسی کو قرضہ دے رکھا ہے ان کو وہ رقم یا چیز واپس ملتی نظر آ رہی ہے۔ معاشرے میں عزت و مقام رکھنے والے لوگوں سے ملنا جلنا ہوگا اور ان کی وجہ سے آپ کے کئی ایک کام بھی ہو جائیں گے۔ بینکوں سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہوسکیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو تلخ رہے گا۔ اندرون شہر پیدل سفر کریں گے۔ خوراک کی طرف بھی آپ خاص توجہ رکھیں گے۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف آپ کوئی خاص توجہ نہ دیں گے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے کام کے حوالے سے یہ مناسب وقت ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔

9 تا 16 مارچ

آپ اپنے بچوں اور شریک حیات کے ساتھ گزارے ہوئے وقت میں خوب مزا لیں گے۔ ان کے ساتھ کھانے پینے کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کے فون کا بل بھی زیادہ آئے گا۔ کیونکہ آپ کی دیگر مصروفیات میں سے ایک مصروفیت دوسروں کے ساتھ رابطہ کرنا بھی ہوگی۔ آپ کے تعلقات اپنے رشتہ داروں کے ساتھ خراب رہیں گے۔ آپ کے خفیہ دشمن اس عرصے میں متحرک رہیں گے، اور آپ کو کسی نہ کسی طرح نقصان پہنچانے کی فکر میں لگے رہیں گے۔ اس ہفتہ میں جہاں آپ کو آمدنی ہو رہی ہوگی، وہاں آپ اخراجات کرنے سے بھی نہ چوکیں گے۔ خیرات، مذہبی معاملات اور اعلیٰ تعلیم کے حصول جیسے معاملات کو نمٹانے میں آسانی رہے گی۔ رستے میں بڑے اور افسران آپ کے لیے آسانیاں پیدا کریں گے۔ آپ ان کی مدد لے کر اپنے معاملات کو حل کر پائیں گے۔ لوگوں کے ساتھ انداز گفتگو اچھے ماحول میں رہے گا۔

17 تا 24 مارچ

وہ افراد جو بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں یا خواہش مند ہیں ان کی یہ خواہش رواں دنوں میں پوری نہ ہو سکے گی۔ دشمن آپ کے خلاف متحرک رہیں گے اور آپ کے راستہ میں رکاوٹیں ڈالتے رہیں گے۔ اس عرصہ میں آپ کو صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ آپ کے غیر ضروری اخراجات میں کمی آئے گی۔ اس عرصہ میں آپ کو اپنے معاملات کو چلانے کے حوالے سے کوئی خاص کامیابی نہ مل سکے گی۔ جو بات آپ کے لیے زیادہ مسئلہ پیدا کرے گی وہ یہ ہوگی کہ آپ اپنی بات دوسروں کو سمجھا نہ پائیں گے۔ اس عرصہ میں آپ کو گھر سے سکون ملنا شروع ہوگا اور اپنا وقت گھر میں گزارنا زیادہ پسند کریں گے۔ اندرون ملک سفر کے حوالے سے یہ وقت مناسب ہے۔ سفر خوشگوار اور مقصد میں کامیابی ملے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔

25 تا 31 مارچ

اس عرصہ میں کوئی نیا دوست نہ بنائیں کیونکہ کوئی اچھا یار دوست ملنے کی توقع نہیں ہے۔ والد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے اور والد سے متعلق خواہشات پوری ہوں گی۔ آپ کے اخراجات کا تناسب کافی بڑھا رہے گا۔ آپ کا مزاج اچھا رہے گا۔ اور اپنی ذات پر خاصی توجہ دیں گے۔ جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام ملنے کا امکان ہے۔ شادی بیاہ اور تقریبات میں شرکت کریں گے۔ وراثتی معاملات طے نہ پا سکیں گے۔ لوگوں سے وابستہ اُمیدیں اور خواہشات پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ لیکن اس کے لیے آپ کو خود بھی ہاتھ پاؤں مارنے پڑیں گے۔ برے خواب آئیں گے۔ دشمن آپ کے لیے مسائل پیدا کرتے نظر آ رہے ہیں۔ دشمنوں سے مقابلے اور محفوظ رہنے کے لیے لوح تحفظ استعمال کریں۔ لوح ادارے سے حاصل کر سکتے ہیں۔ کاروباری افراد کے کام میں اضافہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	20-25
نحس تاریخیں	9-16
لکی نمبر	3-4-7

☆☆☆

نظر لگنا

اونیکس

وہ بچے یا بڑے جن کو نظر لگ جاتی ہو یا عام طور پر معصوم چہرے والے یا خوبصورت شکل وصورت کے بچے یا اچھی عادات واطوار کے حامل بچے یا زیادہ پڑھنے والے یا اچھی کمائی کرنے والے یا ایسی ہی کسی دیگر خوبی کے باعث نظر سے متاثر ہونے والی بڑے چھوٹوں، لڑکے لڑکیوں اور بچوں کو کالے رنگ کے اونیکس کا استعمال کرنا چاہیے۔ نظر کے علاج کے لیے مفید اور موثر سحری جوہر ہے۔ ادارہ سے اصل پتھر دستیاب ہے۔

تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ۔

لوح شرف زہرہ

کرامات جعفر

ستارہ زہرہ جب بارہ بروج کی سیر کرتے ہوئے برج حوت کے 27 درجے پر پہنچتا ہے تو اس کو شرف کی قوت حاصل ہوتی ہے۔ شرف زہرہ کا وقت تسخیر مطلوب ورجوع خلق کے لیے بہت ہی پُراثر اور طاقتور ہوتا ہے۔ شرف میں سیارگان کی قوت بڑھ جاتی ہے۔ زہرہ عشق ومحبت کا ستارہ ہے۔ اس سعد اور طاقتور وقت میں ان تمام افراد کو فائدہ اٹھانا چاہیے۔ جن کا کسی نہ کسی وجہ سے تعلق عوام الناس سے براہ راست پڑتا ہو۔ ان حضرات میں وکلاء دکاندار، سیاستدان، ڈاکٹر، حکیم، عامل، نجومی، انعامی اسکیمیں چلانے والے پراپرٹی ڈیلر، اسٹیٹ ایجنسی، بیوٹی پارلر یا وہ لوگ جن کا ذریعہ آمدن عوام الناس سے منسلک ہو، ان سب کے کاروبار و تسخیر خلائق کے لیے یہ وقت بہت ہی سعد اور طاقتور ہے۔ اس وقت سے احباب فائدہ ضرور اٹھائیں۔ لوح شرف زہرہ اور ساعت زہرہ میں تیاری کرنی ہے۔ علیحدہ پاک وصاف کمرہ ہونا چاہیے۔ پھر بخور ستارہ زہرہ کے سلگائیں۔ گولڈن کاغذ پر یا چاندی پر رجال الغیب پشت پر رکھ کر تیار کریں۔ لوح مبارکہ تیار کرنے کے بعد سورہ طٰہٰ ایک بار پڑھ کر دم کریں۔ اسی طرح 11 روز کرنا ہے۔ پہلے اور آخری روز نیاز دلوائیں اور پھر لوح مبارکہ اپنے پاس رکھ لیں۔ انشاء اللہ پورے لوازمات کے ساتھ تیار کرنے والا اثرات ملاحظہ فرمائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بدوح ودود ۴۰	عزیز کریم ۵۳	اللہ ھو ۵۰	رحمن رحیم ۴۷
رحمن رحیم ۵۱	اللہ ھو ۴۶	عزیز کریم ۴۱	بدوح ودود ۵۲
عزیز کریم ۴۵	بدوح ودود ۴۸	رحمن رحم ۵۵	اللہ ھو ۴۲
اللہ ھو ۵۴	رحمن رحیم ۴۳	بدوح ودود ۴۴	عزیز کریم ۴۹

کفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

(یہاں مقصد لکھیں)

❁❁❁

اعمال حب وبغض

تحریر: فقیر محمد افضل چشتی، ڈی۔جی۔خان۔

محترم قارئین کرام! ماہنامہ راہنمائے عملیات السلام علیکم اعمال حب وبغض کے عنوان سے آج اپنے دادا حاجی اللہ بخش زوار چشتی کے عطاء کردہ عملیات لے کر خدمت حاضر ہوں۔ جائز کاموں میں ان اعمال کی اجازت دیتا ہوں۔ ناجائز کاموں میں یہ اعمال فائدہ نہ دیں گے۔

عمل برائے محبت:۔

یہ عمل حب کے لیے ہے مطلوب کو بلانے، تابع کرنے اور فرمانبردار کرنے، اپنے پیار میں گرفتار کرنے کے لیے ہے۔ عشاء کے بعد باوضو ہو کر مطلوب کا تصور دماغ میں رکھ کر 3 مرتبہ سورہ الرحمن پڑھیں اور جسم پر پھونک ماریں دعا مانگ کر اس کے بعد مطلوب کی تصویر سامنے رکھ کر 900 مرتبہ محبوب فلاں کو میرے پاس بلا پڑھ کر محبوب کی تصویر پر پھونک ماریں۔ 9 دن کا عمل ہے انشاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے۔

عمل برائے نیا چاند:۔

یہ عمل حب کا ہے۔ خاوند کو راہ راست پر لانے کے لیے ہے۔ جب نیا چاند نظر آئے، اسی رات باوضو ہو کر عشاء کے بعد چاند کی طرف رخ کر کے ایک تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم 9 مرتبہ درود پاک 900 دفعہ آیت کریمہ پھر 9 مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ 9 دن کا عمل ہے۔ کھڑے ہو کر پڑھیں۔ چاند کی طرف رخ کر کے پڑھیں۔ انشاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہونگے۔ کھٹا کھانے سے پرہیز کریں۔

عمل برائے جدائی:۔

یہ عمل جدائی کے لیے ہے۔ اگر کوئی شخص شراب، نشہ یا کوئی اور غلط کاریوں میں مبتلا ہو یا کسی دو افراد کو حق پہ جدا کرنا ہو تو یہ عمل 9 عدد کالی مرچوں پر پڑھیں۔ 900 دفعہ پڑھیں 9 دن کا عمل ہے۔ انشاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔ عمل یہ ہے۔ 900 دفعہ سورہ کوثر بغیر بسم اللہ کے پڑھیں۔ پھر آگ میں ڈالیں۔

❁❁❁

خوشبویات

بخور، عطر، اگربتیاں، مومی خوشبویں، بخوردان

عام طور پر عملیات سے متعلق بخور وعطر وغیرہ زیادہ قیمتی ہونے کی وجہ سے بہت سے لوگوں کی پہنچ سے دور رہتے ہیں۔ کسی چھوٹے عمل یا وظیفہ یا زکات وغیرہ جیسے امور پر خرچہ اس قدر ہوتا ہے کہ بہت سے لوگ سوچتے ہیں کہ یہ خرچہ کس طرح پورا ہوگا۔ خاص کر طالب علموں کو مالی تنگی جیسے معاملات کا سامنا ہوتا ہے۔ ان مسائل کو دیکھتے ہوئے ادارہ راہنمائے عملیات نے اپنے سال ہا سال کے تجربہ کی بنیاد پر مختلف بخور، عطر، اگربتیاں اور مومی خوشبویں وغیرہ انتہائی کم قیمت میں فراہم کرنے کا بندوبست کیا ہے۔ آپ بھی ان کم قیمت عطریات، بخورات اور اگربتیوں سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

خیال رہے یہ کم قیمت ضرور ہیں لیکن موثر ہیں۔ کم قیمت ہونے کا مطلب ان کا بے مقصد اور غیر موثر ہونا ہرگز نہیں۔ یہ عملی لحاظ سے آپ کی تمام ضرورتیں پوری کریں گی اور آپ خود ان کی موثریت کے قائل ہوں گے۔

کواکبی بخور

مختلف کواکب کی نظرات یا شرف واوج کے دوران عاملین نے جو اعمال تیار کرنے ہوتے ہیں، ان کے لئے ہر کوکب سے متعلق خاص بخور درکار ہوتا ہے۔ آپ ادارہ سے کواکبی بخور انتہائی مناسب قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔

قیمت فی تولہ

نام بخور	قیمت
قمر	275
شمس	275
عطارد	275
زہرہ	275
مریخ	275
مشتری	275
زحل	275

بخورات (عملیاتی)

ہر عامل نے متفرق اعمال کرنے ہوتے ہیں۔ ادارہ نے کوشش کر کے مختلف اعمال کیلئے خاص بخورات ترتیب دیئے ہیں۔ جو آپ اپنے عملیات میں مکمل اعتماد سے استعمال کر سکتے ہیں۔

قیمت فی تولہ

قسم بخور	قیمت
بخور اعمال سعد (عام)	300
بخور سعد اعمال (خاص)	850
بخور نحس اعمال	400
بخور رد سحر وجادو	650
بخور نورانی	1500
بخور العرب	250
بخور الہند	250
بخور	225

بخوردان

بخورات استعمال کرنے یعنی جلانے کے لیے کوئلہ کا سہارا لیا جاتا ہے۔ تاہم بخوردان کی مدد سے آپ کو کوئلہ وغیرہ جلانے جیسا مشکل کام نہیں کرنا پڑے گا، کیونکہ یہ بخوردان بجلی سے چلتے ہیں اور سوچ آن کرنے کے بعد آپ کی پریشانی ختم۔ آپ ان کو UPS پر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

قسم بخوردان	قیمت
بخوردان (لکڑی)	800
بخوردان سادہ	1500
بخوردان قینسی	2500
بخوردان برائے عطر	2200

مومی خوشبویں

مومی خوشبو عموماً کپڑوں یا جسم پر لگائی جاتی ہے ان کی خوشبو جہاں بہت سستی ہے، وہاں کافی وقت تک قائم رہتی ہے۔ عام استعمال کیلئے بھی مفید ہیں۔

قسم خوشبو	قیمت
مشک	75
عنبر	75
عنبر خاص	200









اگربتیاں

ہمارے ہاں گھر میں اگربتی جلانے کی روایت ہے۔ ذیل میں مختلف خوشبوؤں کی اگر بتیاں دی گئی ہیں۔ ان کو آپ عملیاتی اور عام گھریلو دونوں مقاصد کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

نام اگربتی	تعداد	قیمت
صندل	ایک درجن	60
بخور	ایک درجن	60
غلاف کعبہ	ایک درجن	60
عود	ایک درجن	60
گلاب	ایک درجن	60
موتیا	ایک درجن	60
دربار	ایک درجن	60
لوبان	ایک درجن	60
مشک	ایک درجن	60
عنبر	ایک درجن	60
کیوڑہ	ایک درجن	60

خاص اگربتیاں

عاملین کی روزمرہ ضرورتوں اور عام لوگوں کے مختلف معاملات کے حل کیلئے یہ اگر بتیاں خصوصی طور پر تیار کی گئی ہیں۔ ایک طرف یہ سستی اور استعمال میں سادہ ہیں اور دوسری طرف اپنی تاثیر اور افادیت میں موثر ہیں۔

نام اگربتی	تعداد	قیمت
حب وسعادت	ایک درجن	300
بعض ونحوست	ایک درجن	300
شان اگربتی عملیاتی، روحانی وموکلاتی	ایک عدد	475
ردسحروجادو	ایک درجن	250

عطریات

خوشبو کا استعمال سنت نبویؐ ہے۔ ذیل میں دیئے گئے عطر آپ عام گھریلو استعمال اور عملیاتی مقاصد میں بھی کر سکتے ہیں۔ یہ عطر ہر طرح کے ممنوع اجزاء سے پاک ہے۔

نام عطر	چھوٹی 1/4 تولہ	درمیانی 1/2 تولہ	بڑی 1 تولہ
عطر گلاب	200	370	750
عطر روح گلاب	200	370	750
عطر مشک	300	570	1100
عطر عنبر	350	670	1300
عطر مشک عنبر کس	330	630	1200
عطر چنبیلی	200	370	750
عطر صندل	200	370	750
عطر رات کی رانی	200	370	750
عطر موتیا	200	370	750
عطر خس	300	570	1100
عطر گل	2000	3900	7800
عطر زعفران	300	570	1100
عطر عود ہندی	750	1400	2800
عطر عود	1200	2300	4500
عطر دھن عود	1600	3000	5900
عطر نرگس	350	670	1300
عطر نسرین	500	950	1800
عطر کرنا	500	950	1800
عطر غلاف کعبہ	500	950	1800
عطر حجر اسود	500	950	1800
عطر زمزم	350	670	1300
عطر مکہ	350	670	1300
عطر بخور	300	570	1100
عطر اصیل	300	570	1100
مخلوط العرب	250	480	950
عطر شمامہ	550	1000	2000
عطر سلطان	260	500	1000
عطر مجموعہ	350	650	1300
عطر کیوڑہ	300	570	1100

خاص عطریات

مختلف اعمال روحانی کے مطابق عاملین کو خاص روحانی عطر درکار ہوتے ہیں۔ آپ کسی بھی عمل کے لیے حسب ضرورت یہ خاص عطریات استعمال کر سکتے ہیں۔

نام عطر	چھوٹی 1/4 تولہ	درمیانی 1/2 تولہ	بڑی 1 تولہ
عطر اعمال سعد	300	570	1100
عطر اعمال نحس	300	570	1100
عطر سبعہ کواکب	500	950	1800
عطر تسخیر ورجوع	500	1000	2000
عطر نورانی	350	670	1300
عطر ردسحروجادو	350	670	1300

کواکبی عطر

عاملین کو مختلف کواکب کے خاص اوقات اور نظرات وغیرہ کے اعمال میں کواکبی عطر درکار ہوتے ہیں۔ کواکبی عطر اور بخور دونوں عاملین اور شائقین عملیات کیلئے پیش کر دیئے ہیں۔

عطر	چھوٹی 1/4 تولہ	درمیانی 1/2 تولہ	بڑی 1 تولہ
قمر	230	400	800
شمس	230	400	800
عطارد	230	400	800
زہرہ	230	400	800
مریخ	230	400	800
مشتری	230	400	800
زحل	230	400	800

سیاست، حب اور بغض

تحریر:۔ فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ۔

